Pakistan Studies - ICOM Part 2 Pak Studies Urdu Medium Chapter 1 Short Questions Test

Q1. اسلامی نظریہ کے اہم ماخذ قرآن مجید ہے . بحث کریں.

Ans 1: قران مجید احکام الہیٰ کا مجموہ ہے۔ قرآن مجید کے احکام اسلام کی بنیاد ہیں. ان سے سیاسی معاشی، اور معاشرتی قوانین اور حقوق کے سلسلے میں مفصل و مکمل راہ نمائی حاصل ہوتی ہے جس کی بدولت انفرادی اور اجتماعی سطح پر زندگی خوشگوار پر امن اور بامقصد ہوجاتی ہے ایک اسلامی مل میں تمام قوانین قرآن مجید کی بنیاد پر بنائے جاتے ہیں.

Q2. سنت کالفظی اور اصطلاحی مفہوم بیان کریں.

Ans 1: سنت کا لفظی معنی : سنت ایک عربی اصطلاح ہے اس کے لفظی معین ہیں " ایسا راست جس کی پیروی کی جائے" سنت کا اصطلاحی معنی: اصطلاح میں سنت سے مراد وہ راستہ ہے جس پر اپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پوری زندگی بسر کی.

Q3. نظریہ کا مفہوم بیان کریں-

Ans 1: نظریہ کا مفہوم ہے انداز فکر اور تصور حیات وغیرہ. نظریہ عام طور پر اس تہذیبی یا معاشرتی لائحہ عمل کو کہتے ہیں-جو کسی قوم کا مشترکہ نصب العین بن جائے.

Q4. اخوت سے کیا مراد ہے. آخوت کے بارے میں ایک آیت یا اسکا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: اخوت کے معنی بھائی چارے کے ہیں. اخوت کا اصول اسلامی معاشرے کا ایک اہم پہلو ہے .بھائی بھائی ہونے کی حیثیت سے وہ ایک دورے کے دکھ سکھ اور خوشی اور غم میں شریک ہوتے ہیں. اخوت اور بھائی چارے کا احسان محبت ، باہمی تعاون اور قربانی کے جذبات کو ابارتا اور فروغ دیتا ہے قرآن مجید میں ارشاد ہے. "بے شک سب اہل ایمان بھائی بھائی ہیں."

Q5. نظریہ یا اسلامی نظریہ کی اہمیت بیان کریں.

Ans 1: 1- اسلامی نظریہ افکار و خیالت کا عکاس ہوتا ہے. 2- نظریہ لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرتا ہے اور اتحاد کا سرچشمہ بنتا ہے. 3- اسلامی نظریہ انسانوں کو فلاح وبہبود کے لیے جدوجہد پر ابھارنا ہے جس سے اللہ تعالی رضی ہوتا ہے.

Q6. قراردادمقاصد کے دو اہم نکات لکھیں.

Ans 1: "اقتدار اعلی کا مالک اللہ تعالی ہے جو اپنا اختیار ریاست پاکستان کو تضویث کرتا ہے جس کو پاکستان کے منتخب نمائندے مقدس امانت کے طعر پر قرآن و سنت کی حدود میں ہو کر استمال کرسکیں گے."

Q7. اسلام کے نبیادی اصول بیان کریں.

Ans 1: اسلام کے اہم بنیادی اصول درج زیل ہیں. 1- اقتدار اعلی 2- عدل و انصاف 3- مساوات 4- اخوت

Q8. بقائے باہمی کا کیا مطلب ہے.

Ans 1: بقائے باہمی کا مطلب ہے دوسرے انسانوں کے ساتھ امن و امان باہمی صلح اور محبت کے ساتھ رہنا ہے. دوسروں کے حقوق و مفادات کا خیال رکھنا. آپس کے معاملات کو لڑائی جھگڑے کی بجائے صلح و صفائی سے حل کرنا.

Q9. علامہ اقبال نے 1930 میں خطبہ آلہ آباد میں کیا ارشاد فرمایا.

Ans 1: 1930 میں علامہ اقبال نے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا. "انڈیا ایک برصغیر ہے ملک نہیں. یہاں مختلف مزاہب سے تعلق رکھنے اور مختلف زبانیں بولنے والے لوگ رہتے ہیں . مسلم قوم اپنی جداگانہ مذہبی اور ثقافتی پہچان رکھتی ہے."

Q10. جدیدیت کسے کہتے ہیں.

Ans 1: جدیدیت کی تعریف درج زیل ہے. "جدیدیت سے مراد نئے خیالات اور نئے آلات ہیں جنہون نے انسیوی صدی کے پبلک اور پرائیویٹ تعلقات کو پس پشت ڈالتے ہوئے نئے خیالات کو جنم دیا اور جدید صنعتی معاشرہ قائم کیا.
